F.6-4 (Edit)/2024 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:19/09/2024

# بچوں کو ایسا مواد فراہم کریں جس سے ان کے ذہن و فکر کو روشنی ملے۔ ڈاکٹر شمس اقبال

# بچوں کی کہانیوں میں ایک ایک لفظ کی اہمیت ہوتی ہے۔ پروفیسر غضنفر

## قومی اردو کونسل میں بچوں اور نوجوان قارئین کے لیے سہ روزہ ورکشاپ کا دوسرا دن

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے زیر اہتمام بچوں اور نوجوان قارئین کے لیے اردو میں تخلیقی مواد تیار کرنے کے سلسلے میں سہ روزہ ورکشاپ کے دوسرے دن اظہار خیال کرتے ہوئے قومی اردو کونسل ڈائرکٹر، ڈاکٹر شمس اقبال نے کہا کہ جو کہانیاں سنائی گئی ہیں سب عمدہ ہیں مگر کہانیوں میں کیا ضروری ہے اور کیا غیر ضروری اس پر توجہ دینے کی زیادہ ضرورت ہے۔ زبان و بیان اور عمر کی سطح کا بھی خیال رکھا جانا لازمی ہے۔ ہماری سماجی ذمہ داری ہے کہ بچوں کو صحت منداور مثبت ماحول میں ایسا مواد فراہم کریں جس سے بچوں کے ذہن وفکر کا دائرہ وسیع ہو، ایسے مواد سے گریز کرنا چاہیے جو بچوں کو نفسیاتی مریض بنا دے۔ پروفیسر غضنفر نے کہا کہ بچوں کی کہانیوں میں ایک ایک لفظ کی اہمیت ہوتی ہے، کوئی لفظ بھرتی کا نہیں ہوتا، بچوں اور بڑوں کی کہانیوں میں واضح فرق ہوتا ہے۔ بچوں کی کہانیوں میں زبان، لفظیات، مقصد پر نظر رکھنی چاہیے۔ کہانی کا مقصد صرف نصیحت نہیں ہوتا بلکہ مزہ اور حظ بھی ہوتا ہے۔

دوسرے دن کے ایک سیشن میں دو معصوم بچوں م توصیف اور عافیہ سیفی نے صدارت کی اور کہانیوں پر جن تاثرات اور ردعمل کا اظہار کیا اس سے انگازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان کی زمانی/تقویمی عمر کچھ بھی ہو مگر ادرا کی عمر کے لحاظ سے وہ نہایت بالغ، باخبر اور بیدار نظر ہیں۔ وقفہ لنچ سے قبل سلمان عبدالصمد، حبیب سیفی، ڈاکٹر محمد علیم اور اقبال برکی نے کہانیاں پیش کیں۔ جبکہ لنچ کے بعد نگار عظیم، ثروت خان، انیس اعظمی، سراج عظیم، قاسم خورشید وغیرہ نے کہانیاں سنائیں۔

سبھی کہانیوں پر اسکولی بچوں اور ماہرین نے اپنے تاثرات اور خیالات کا اظہار کیا۔ ورکشاپ میں کونسل کے عملہ میں سے ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر اکیڈمک)، ڈاکٹر مسرت (ریسرچ آفیسر) محمد بہلول، افضل حسین خان، افروز عالم اور فیضان الحق وغیرہ موجود رہے۔

(رابطہ عامہ سیل)